بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

FEBRUARY 2026

# 'AISHA ACADEMY & GIRLS' HIFZUL QUR'AN SCHOOL CANADA

## The Divine Revelation Concerning Musleh Mau'ud[ra]



Hazrat Musleh Mau'ud[ra] (Hazrat Mirza Bashiruddin Mahmood Ahmad[ra], Khalifatul Masih II)

In the announcement of February 20, 1886, the Promised Messiah[as] says:

"God the Merciful, the Noble, the High, the Exalted, Who has power to do all that He wills (glory be to Him and exalted be His name), has vouchsafed to me the following revelation:

"I confer upon thee a Sign of My mercy according to thy supplications. I have heard thy entreaties and have honored thy prayers with My acceptance through My mercy and have blessed this thy journey. A sign of power, mercy, nearness to Me is bestowed on thee."

### INSIDE THIS ISSUE


The Prophecy of Musleh Mau'ud[ra] .......................... 1
Jalsa Musleh Mau'ud[ra] ............................................2
Noor-ul-Qur'an ......................................................2
The Night of Decree .................................................2
Important Dates .......................................................2
Notice for Students ...................................................2
Parent Teacher Meeting ............................................2
Sahibzadi Amtul Jamil Begum Sahiba .....................3


"A Sign of grace and beneficence is awarded to thee and thou art granted the key of success and victory. Peace on thee, O victorious one. Thus does God speak so that those who desire life may be rescued from the grip of death and those who are buried in the graves may emerge therefrom and so that the superiority of Islam and the dignity of God's word may become manifest unto the people and so that the truth may arrive with all its blessings and falsehood may depart with all its ills, and so that people may understand that I am the Lord of Power, I do whatever I will, and so that they may believe that I am with thee, and so that those who do not believe in God and deny and reject His religion and His Book and His Holy Messenger Muhammad, the chosen one (on whom be peace) may be confronted with a clear sign and the way of the guilty ones may become manifest. Rejoice, therefore, that a handsome and pure boy will be bestowed on thee. Thou wilt receive a bright youth who will be of thy seed and will be of thy progeny. A handsome and pure boy will come as your guest. His name is Emmanuel and Bashir. He has been invested with a holy spirit and he will be free from all impurity. He is the light of Allah. Blessed is he who comes from heaven. He shall be accompanied by grace (Fazl) which shall arrive with him. He will be characterized with grandeur, greatness and wealth. He will come into the world and will heal many of their disorder through his Messianic qualities and through the blessings of the Holy Spirit. He is the Word of Allah for Allah's mercy and honor have equipped him with the Word of Majesty. He will be extremely intelligent and understanding and will be meek of heart and will be filled with secular and spiritual knowledge. He will convert three into four (of this the meaning is not clear). It is Monday, a blessed Monday. Son, delight of heart, high ranking, noble; a manifestation of the First and the Last, a manifestation of the True and the High; as if Allah has descended from heaven. His advent will be greatly blessed and will be a source of manifestation of Divine Majesty. Behold! a light cometh, a light anointed by God with the perfume of His pleasure. We shall pour our spirit into him and he will be sheltered under the shadow of God. He will grow rapidly in stature and will be the means of procuring the release of those held in bondage. His fame will spread to the ends of the earth and peoples will be blessed through him. He will then be raised to his spiritual station in heaven. This is a matter decreed."

https://www.alislam.org/articles/divine-revelation-concerning-musleh-mauood/

@aishaacademyca

## Jalsa Musleh Mau’ud[ra]

The Girls’ Hifzul Qur’an School organized Jalsa Musleh Mau’ud[ra] on February 26, 2026 where all students, administrative staff, and teachers attended. The entire program was lead and prepared by the students under the guidance of the teachers. The program began with the Tilawat and Hadith recited by Tayyiba Kahloon and Rafia Rahman respectively. Hania Mansoor and Fareeha Ahmad then recited a beautiful Nazm which was written by the Promised Messiah[as]. Researched and written by her, Farida Ahmad delivered an educational speech explaining the purpose and importance of celebrating Musleh Mau’ud[ra] Day. Nabiha Ahmad presented the advice that was given by Hazrat Musleh Mau’ud[ra] for youth and students which continues to hold great relevance for the younger generation. The program concluded with a quiz session hosted by Sadaf Rana followed by concluding remarks and dua by Respected Principal Sahiba.

## Noor-ul-Qur’an:
### A Special Ramadhan Program

‘Aisha Academy Canada has organized Noor-ul-Qur’an – A Special Ramadhan Program. The objective of Noor-ul-Qur’an is to support Ahmadi women across Canada who cannot attend in-person Holy Qur’an Duroos during Ramadhan due to sickness or any other personal reasons. The Noor-ul-Qur’an program offers daily Urdu Dars on Zoom covering the entire Holy Qur’an with translation over the month of Ramadhan. English Dars is also offered on weekends which covers selected surahs of the Holy Qur’an

Urdu Dars (Daily Schedule):
Saturday to Thursday: 11:00 AM - 1:00 PM EST
Friday: 10:00 AM - 12:00 PM EST

English Dars (Weekends):
Saturday & Sunday: 2:30 PM - 4:30 PM EST

Visit **https://us02web.zoom.us/j/86811953391** to join or email us at **admissions@aishaacademy.ca**

## *Lailatul Qadr - The Night of Decree*

“From various narrations of the Holy Prophet[sas] we find that in the last 10 days of Ramadhan, one night comes that is known as “The Night of Decree”. In this night, God lays His special focus and attention on His sincere servants. When they reach a heightened spiritual condition, they are able to witness an extraordinary experience of God’s Grace and Nearness. This is generally why Muslims lay so much emphasis on the last 10 days of Ramadhan. Many people who tend to not focus on their prayers, Taraweeh, recitation of the Qur’an, and various acts of bringing them closer to God, in the first 20 days of Ramadhan, now try to better themselves.” (Friday Sermon August 27, 2010)

*- Eid Mubarak to all from the ‘Aisha Academy Team*

### IMPORTANT DATES

| | |
|---|---|
| Eid-ul-Fitr | March 20, 2026 |
| Eid Holiday | March 19 & 20, 2026 |
| March Break (see notice) | March 16-20, 2026 |
| Hifz Program Admissions Open | April 1, 2026 |
| Good Friday (No School) | April 3, 2026 |

### NOTICE

March Break applies only to students of the Girls’ Hifzul Qur’an School, including both the Hifz Program and Short Course students, as well as students of the Nazirah Program. School will continue as usual for students of ‘Aisha Academy Canada. However, the Eid holiday and Good Friday will apply to all students.

@aishaacademyca

GHQS

### FOR PARENTS

The Parent-Teacher meeting for the in-person Hifz Program will be on March 13, 2026

# Sahibzadi Amtul Jamil Begum Sahiba

Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba, beloved daughter of Hazrat Mirza Bashir-ud-Din Mahmood Ahmad, Khalifatul Masih II, Musleh Mau’ud[ra], passed away on 19 February, 2026, at the age of eighty-eight years.
*Inna lillahi wa inna illaihi raji’un.*

Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba departed at approximately 3:00 a.m., on the first blessed day of Ramadhan. This marked the passing of the last surviving child of Hazrat Musleh Mau’ud[ra], occurring 140 years after the prophecy regarding Musleh Mau’ud[ra].

Lajna Canada had the blessed opportunity to have Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba as a part of the National Majlis Amila, Alhamdulillah. She has served in National Amila as “honorary member” since 2017.

On 23 February 2026, the ‘Aisha Academy staff visited her daughter, Bibi Yasmin Sahiba, to offer condolences. During this visit, Bibi Yasmin Sahiba shared various aspects of her respected mother’s pious life and character. A few of them are being shared here:

Despite declining health, Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba attend Jama’at and Lajna Ima’illah local and national programs regularly. In Ijtima’at, she remained seated on the stage for hours tirelessly to the extent that her feet would become swollen.

Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba was widely known for her hospitality and her particular devotion to feeding the needy people. She personally prepared meals and sent them to individuals who were ill. There was a gentleman who frequently suffered from illness for whom she would regularly cook. On one occasion, Bibi Yasmin Sahiba visited her mother and saw that she was preparing unsalted food in a large pot and had arranged several containers beside it. She told Bibi Yasmin Sahiba that some portions would be sent immediately, while others would be saved and sent later to that person. This demonstrated her foresight and consistent care. While residing at the Ahmadiyya Abode of Peace, she continued to look after women living in the building who were sick or in need. She regularly prepared and sent them meals.

During the COVID-19 pandemic, one elderly woman in the building became ill. On one visit, Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba gave a list of groceries to her daughter to purchase. Bibi Yasmin Sahiba asked about it and she explained that she wishes to prepare a variety of food for that elderly member so that she would not grow tired of eating the same food every day.

The woman was very grateful for Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba’s hospitality and care. That woman later passed away, and the remaining food containers were donated to Humanity First. Although she herself did not eat certain foods, she prepared them for the sick and needy persons.

The students of Jami'a were blessed with the opportunity to visit Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba and request her prayers. They also had the chance to ask for the Tabarrukat of the Promised Messiah, Hazrat Mirza Ghulam Ahmad[as], which she held. Among the blessed items in her possession were pieces of cloth, which she cut and distributed in small portions to students during their visits. In this manner, she eventually shared all such Tabarrukat which were her personal assets. At the end, she had only a few Tabarrukat items of Hazrat Musleh Mau’ud[ra] remaining.

Many members requested to conduct interviews with her. Due to her humility and shyness she excused herself. On one occasion, she mentioned that she would have agreed to give an interview to Sayyed Talay Shaheed, but Allah did not grant him further time.

‘Aisha Academy Canada had the opportunity to hold a 3-day, 3-night camp in July 2024, Alhamdulillah. At this blessed occasion, Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba graciously accepted the invitation and attended the event with prayers and love. She presided the session and shared her golden memories of her respected father, Hazrat Musleh Mau’ud[ra], with all the attendees of the camp. In this camp, 96 students from the GTA and across Canada attended. Alhamdulillah, all students had the opportunity to meet Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba and request her for prayers.

In October 2025, Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba traveled to London along with the National Amila of Lajna Ima’illah Canada for a blessed mulaqat with Hazrat Khalifatul Masih V[aba]. She was blessed with 3 more mulaqats with Huzoor-e-Anwar[aba] during this UK visit. In one mulaqat, which lasted approximately half an hour, Huzoor-e-Anwar[aba] observed that she appeared well but had grown quiet. She informed him that her hearing had weakened. Huzoor-e-Anwar[aba] advised her to use a hearing aid. Huzoor-e-Anwar[aba] and Hazrat Sayyeda Apa Jaan invited her to their residence for tea. This was a very joyful and blessed time. Huzoor-e-Anwar[aba] granted 30 - 45 minutes to Sahibzadi Amatul Jamil Begum Sahiba and Bibi Yasmin Sahiba. On the last day of her visit, Huzoor-e-Anwar[aba] visited her at her residence to say Khuda Hafiz. It was a very pleasant surprise for her. Upon returning to Canada, she expressed her gratefulness to Allah and Khilafat after this blessed visit.

May Allah the Almighty elevate her status in heaven and enable all of us to follow her noble and righteous example. Ameen.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فروری 2026

# عائشہ اکیڈمی و گرلز حفظ القرآن اسکول کینیڈا

## عظیم الشان پیشگوئی مصلح موعودؓ

خدائے رحیم و کریم نے آپؑ کی اس تڑپ اور اسلام کی صداقت کے لیے اضطراب کو دیکھ کر آپ کو تسلی دی اور آپ کی دعاؤں کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے ایک عظیم الشان نشان کی خوشخبری دی جس کا اعلان کرتے ہوئے حضور علیہ السلام نے اپنے اشتہار 20 فروری 1886ء میں فرمایا:

’’مَیں تجھے ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں اُسی کے موافق جو تُو نے مجھ سے مانگا۔ سو مَیں نے تیری تضرعات کو سُنا اور تیری دعاؤں کو اپنی رحمت سے بہ پایۂ قبولیت جگہ دی اور تیرے سفر کو (جو ہوشیارپور اور لدھیانہ کا سفر ہے) تیرے لئے مبارک کردیا۔ سو قدرت اور رحمت اور قربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے، فضل اور احسان کا نشان تجھے عطا ہوتا ہے اور فتح اور ظفر کی کلید تجھے ملتی ہے۔ اے مظفر تجھ پر سلام! خدا نے یہ کہا تا وہ جو زندگی کے خواہاں ہیں موت کے پنجے سے نجات پاویں اور وہ جو قبروں میں دبے پڑے ہیں باہر آویں اور تا دین اسلام کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو اور تا حق اپنی تمام برکتوں کے ساتھ آجائے اور باطل اپنی تمام نحوستوں کے ساتھ بھاگ جائے اور تا لوگ سمجھیں کہ مَیں قادر ہوں جو چاہتا ہوں سو کرتا ہوں اور تا وہ یقین لائیں کہ مَیں تیرے ساتھ ہوں اور تا انہیں جو خدا کے وجود پر ایمان نہیں لاتے اور خدا اور خدا کے دین اور اس کی کتاب اور اس کے پاک رسول محمد مصطفیٰ ﷺ کو انکار اور تکذیب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ایک کھلی نشانی ملے اور مجرموں کی راہ ظاہر ہو جائے۔

سو تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا، ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا، وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریّت و نسل ہوگا۔ خوبصورت پاک لڑکا تمہارا مہمان آتا ہے اس کا نام عمانوایل اور بشیر بھی ہے، اُس کو مقدس رُوح دی گئی ہے اور وہ رجس سے پاک ہے اور وہ نور اللہ ہے۔ مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے، اس کے ساتھ فضل ہے جو اس کے آنے کے ساتھ آئے گا۔ وہ صاحب شکوہ اور عظمت اور دولت ہوگا، وہ دنیا میں آئے گا اور اپنے مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔ وہ کلمۃ اللہ ہے کیونکہ خدا کی رحمت و غیوری نے اُسے کلمہ تمجید سے بھیجا ہے۔ وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا اور دل کا حلیم اور علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا اور وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا (اسَ کے معنے سمجھ میں نہیں آئے) دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔ فرزند دلبند گرامی ارجمند۔ مظہر الاول و الآخر، مظہر الحق و العلاء کَاَنَّ اللّٰہَ نَزَلَ مِنَ السَّمَآئِ۔ جس کا نزول بہت مبارک اور جلال الٰہی کے ظہور کا موجب ہوگا۔ نور آتا ہے نور جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسوح کیا۔ ہم اس میں اپنی روح ڈالیں گے اور خدا کا سایہ اس کے سر پر ہوگا۔ وہ جلد جلد بڑھے گا اور اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا اور زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔ تب اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اٹھایا جائے گا۔ وَ کَانَ اَمۡرًا مَّقۡضِیًّا۔ ‘‘

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 100-102)



حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد، خلیفۃ المسیح الثانیؓ

حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے قادیان کے ہندوؤں کے اسلام کی صداقت میں نشان دکھانے کے مطالبہ پر اُسی واحد و لا شریک خدا کی طرف توجہ کی جس کی تائید و نصرت کے یقینی وعدوں سے اطلاع پاکر آپؑ نے اسلام کی سچائی کا اس دور میں اعلان کیا تھا، اور نہایت الحاح اور تضرع اور عجز سے اس نشان کے لیے دعائیں کیں۔ آپؑ نے کسی بھی قسم کے خلل سے بچنے اور دعاؤں میں مزید یکسوئی اور انہماک پیدا کرنے کے لیے خلوت اختیار کرنے کا ارادہ کیا اور اس مقصد کے لیے اپنے گھر بار اور رشتہ داروں سے دور ہوشیارپور میں اعتکاف فرمایا اور پورے تبتل اور انقطاع کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کیں۔

### موجودہ شمارے میں


پیشگوئی مصلح موعودؓ ........................ 1
جلسہ مصلح موعودؓ ............................ 2
نورُالقرآن ...................................... 2
لیلۃ القدر...................................... 2
اہم تاریخیں .................................... 2
طالبات کے لئے اہم نوٹ.......................... 2
والدین اور اساتذہ کی میٹنگ.................... 2
صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ...... 3

# نورالقرآن
## ایک خصوصی رمضان پروگرام

عائشہ اکیڈمی کینیڈا نے ’’نورُ القرآن‘‘ ایک خصوصی رمضان پروگرام کا انعقاد کیا ہے۔
اس پروگرام کا بنیادی مقصد کینیڈا بھر کی اُن احمدی خواتین کو درس القرآن کی سہولت مہیا کرنا ہے جو کسی مجبوری کے باعث ماہِ رمضان المبارک میں بالمشافہ دروسِ قرآن میں شرکت نہیں کر سکتیں۔
اس پروگرام کے تحت پورے ماہِ رمضان میں روزانہ بذریعۂ زوم اُردو درس القرآن پیش کیا جا رہا ہے، جس میں قرآنِ کریم ترجمہ اور مختصر تفسیر کے ساتھ مکمل کروایا جائے گا۔ مزید برآں ہفتہ اور اتوار کو انگریزی زبان میں بھی درس کا اہتمام ہے، جس میں قرآنِ کریم کی منتخب سورتیں مع ترجمہ و مختصر تفسیر بیان کی جا رہی ہیں۔

اُردو درس (وقت)
ہفتہ تا جمعرات: صبح 11:00 بجے تا دوپہر 1:00 بجے (ٹورانٹو وقت)
جمعہ: صبح 10:00 بجے تا دوپہر 12:00 بجے (ٹورانٹو وقت)

انگریزی درس (ہفتہ اور اتوار)
ہفتہ و اتوار: دوپہر 2:30 بجے تا شام 4:30 بجے (ٹورانٹو وقت)

شرکت کے لیے درج ذیل لِنک استعمال کریں:
https://us02web.zoom.us/j/86811953391

مزید معلومات کے لیے ای میل کریں:
admissions@aishaacademy.ca

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ پروگرام ماہِ رمضان کی برکتوں کو سمیٹنے اور نورِ قرآن سے قلوب کو منور کرنے کا ذریعہ بنے۔ آمین۔

# جلسہ مصلح موعودؓ

گرلز حفظُ القرآن اسکول کے زیرِ اہتمام 26 فروری 2026ء کو نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ جلسہ مصلح موعودؓ منعقد کیا گیا، جس میں حفظ القرآن اسکول کی طالبات، اساتذہ اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی۔ اس بابرکت پروگرام کی تیاری اور نظامت مکمل طور پر طالبات نے خود سنبھالی جو اُن کی تربیت اور اعتماد کا روشن مظہر تھا۔
تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم، حدیثِ نبویؐ اور نظم سے ہوا جو بالترتیب طیبہ کاہلوں، رافعہ رحمان، ہانیہ منصور او فریحہ احمد نے پیش کیں۔
فریدہ احمد نے ایک علمی اور بصیرت افروز تقریر پیش کی جس میں یومِ مصلح موعودؓ کی اہمیت اور اسکو منانے کے مقصد کو نہایت عمدَگی سے واضح کیاگیا۔
نبیہہ احمد نے حضرت مصلح موعودؓ کی وہ قیمتی نصائح پیش کیں جو آپؓ نے نوجوانوں اور طلباء کے لیے ارشاد فرمائیں تھیں اور جو آج بھی نئی نسل کے لیے غیر معمولی اہمیت اور راہنمائی کا سرچشمہ ہیں۔
پروگرام کے آخر پر صدف رانا نے ایک معلوماتی کوئزپیش کیا۔ اسکے بعد محترمہ پرنسپل صاحبہ نے اختتامی کلمات اور دعا کے ساتھ اس روح پرور تقریب کو اپنے بابرکت اختتام تک پہنچایا۔

اے فضلِ عمر تیرے اوصافِ کریمانہ
یاد آکے بناتے ہیں ہر روح کو دیوانہ

# لیلۃ القدر- ایک عظمت والی رات



انشاء اللہ تعالیٰ چند دن تک ہم رمضان کے آخری عشرہ میں داخل ہوں گے جس کے بارہ میں روایات میں آتا ہے کہ اس میں ایک رات ایسی آتی ہے جو لیلۃ القدر کہلاتی ہے۔ یعنی ایسی رات جس میں اللہ تعالیٰ کی خاص نظر اپنے مخلص بندوں پر پڑتی ہے۔ جب ان کی خاص روحانی کیفیت ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے خاص فضل اور قرب کا وہ مشاہدہ کرتے ہیں۔ اس وجہ سے مسلمان رمضان کے آخری عشرہ کو عام طور پر بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ عموماً نمازوں، تراویح اور باقی نیکی کے کاموں میں بھی بہت سے ایسے لوگ جو رمضان کے پہلے اور دوسرے عشرہ میں زیادہ توجہ نہیں دیتے، آخری عشرہ میں نسبتاً بہتر حالت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔
(خطبہ جمعہ، 27 اگست 2010ء)

**عائشہ اکیڈمی کینیڈا کی طرف سے سب کو دِلی عید مبارک قبول ہو**

### اہم نوٹ

مارچ بریک صرف گرلز حفظ القرآن اسکول کی طالبات کے لیے ہے جن میں حفظ پروگرام اور شارٹ کورس کی طالبات کے ساتھ ساتھ ناظرہ پروگرام کی طالبات بھی شامل ہیں۔
عائشہ اکیڈمی کینیڈا کی طالبات کی کلاسز معمول کے مطابق جاری رہیں گیں۔
تاہم عید اور گڈ فرائیڈے کی تعطیلات عائشہ اکیڈمی اور گلرلز حفظ القرآن اسکول کی تمام طالبات کو ہوں گی۔

<u>والدین کے لئے</u>

گرلز حفظ القرآن اسکول کی ٹیچرز اور والدین کی میٹنگ 13 مارچ 2026 کو ہو گی- انشاءاللّٰہ

GHQS

### اہم تاریخیں

عید الفطر.................................... مارچ 20, 2026
عید کی چھٹیاں..................مارچ 19 اور 20, 2026
مارچ بریک...........................مارچ 16 تا 20, 2026
حفظ پروگرام کے داخلے شروع.........اپریل 1, 2026
گُڈ فرائیڈے(اسکول بند) .................اپریل 3, 2026

@aishaacademyca

# صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ

صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ، حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی، المصلح موعودؓ کی پیاری صاحبزادی، 19 فروری 2026ء کو اٹھاسی برس کی عمر میں وفات پا گئیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔

صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ، یکم رمضان کے بابرکت دن علی الصبح تقریباً 3 بجے اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملیں۔ اس کے ساتھ حضرت مصلح موعودؓ کی آخری زندہ اولاد بھی، پیشگوئی مصلح موعودؓ کے 140سال بعد، اس دُنیائے فانی سے کوچ کر گئی۔

لجنہ اماء اللّٰہ کینیڈا کو یہ سعادت حاصل ہوئی کہ صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ نیشنل مجلس عاملہ کا حصہ رہیں، الحمدللّٰہ۔ آپ 2017ء سے بطور ’’اعزازی رُکن‘‘ نیشنل مجلس عاملہ میں خدمت کی توفیق پا رہی تھیں۔

23 فروری 2026ء کو عائشہ اکیڈمی کا اسٹاف آپ کی صاحبزادی بی بی یاسمین صاحبہ سے تعزیت کرنے گیا۔ اس موقع پر بی بی یاسمین صاحبہ نے اپنی محترمہ والدہ کی نیک سیرت اور پاکیزہ زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ جن میں سے کچھ کا ذکر مندرجہ ذیل ہے:

صحت کی کمزوری کے باوجود صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ جماعت اور لجنہ اماء اللّٰہ کے مقامی و مرکزی پروگراموں میں باقاعدگی سے شرکت فرمایا کرتی تھیں۔ اجتماعات میں آپ گھنٹوں اسٹیج پر بیٹھی رہتیں، یہاں تک کہ آپ کے پاؤں سوج جاتے، مگر کبھی تھکن کا اظہار نہ کرتیں۔

مہمان نوازی اور ضرورت مندوں کو کھانا کھلانے کا شوق صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ کی سیرت کا اہم پہلو تھا۔ آپ خود اپنے ہاتھ سے کھانا تیار کرتیں اور بیمار افراد کے گھروں میں بھجواتیں۔ ایک بزرگ اکثر بیمار رہتے تھے جن کے لیے آپ باقاعدگی سے کھانا تیار کیا کرتی تھیں۔ ایک موقع پر بی بی یاسمین صاحبہ نے دیکھا کہ آپ ایک بڑے برتن میں بغیر نمک کے کھانا تیار کر رہی ہیں اور ساتھ کئی ڈبے رکھے ہوئے ہیں۔ بی بی یاسمین صاحبہ کے پوچھنے پر آپ نے بتایا کہ کھانے کا کچھ حصہ اُن صاحب کو فوری طور پر بھجوایا جائے گا جبکہ باقی بعد میں بھیج دیا جائے گا۔ اس سے آپ کی دور اندیشی اور مستقل مزاج خدمت کا اظہار ہوتا ہے۔

آپ احمدیہ ابوڈ آف پیس میں قیام پذیر تھیں۔ آپ بلڈنگ میں رہنے والی بیمار اور ضرورت مند خواتین کا ہمیشہ خیال رکھتیں اور باقاعدگی سے ان کے لیے کھانا تیار کر کے بھجواتیں۔

کرونا کی وبا کے دوران بلڈنگ میں رہنے والی ایک معمر خاتون بیمار ہو گئیں۔ ایک دن صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ نے اپنی بیٹی کو کچھ اشیائے خوردونوش کی فہرست دی تاکہ وہ خرید لائیں۔ جب بی بی یاسمین صاحبہ نے دریافت کیا کہ یہ اشیاء آپ تو استعمال نہیں کرتیں تو صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ نے فرمایا کہ وہ اس بزرگ خاتون کے لیے مختلف اقسام کے کھانے تیار کرنا چاہتی ہیں تاکہ وہ روزانہ ایک ہی کھانا کھا کر اُکتا نہ جائیں۔ وہ خاتون آپ کی مہمان نوازی اور شفقت پر بے حد شکر گزار تھیں۔

بعد ازاں وہ خاتون وفات پا گئیں اور باقی ماندہ کھانے کے ڈبے ہیومینٹی فرسٹ کو عطیہ کر دئے گئے۔ اگرچہ صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ خود بعض غذائیں استعمال نہیں کرتی تھیں تاہم بیماروں اور ضرورت مندوں کے لیے وہی کھانے اہتمام سے تیار فرمایا کرتی تھیں۔

جامعہ کے طلباء کو صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ کی خدمت میں حاضر ہو کر دعا کی درخواست کرنے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے تبرکات حاصل کرنے کا بابرکت موقع ملا ۔ آپ کے پاس موجود متبرک اشیاء میں حضرت مسیح موعودؑ کے کپڑے کے چند ٹکڑے بھی شامل تھے جنہیں آپ خود چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر طلباء کو عنایت فرمایا کرتی تھیں۔ اس طرح آپ نے اپنے ذاتی تبرکات بتدریج طلباء میں تقسیم فرما دئیے۔ آخر میں آپ کے پاس حضرت مصلح موعودؓ کے چند تبرکات ہی باقی رہ گئے تھے۔

متعدد افراد نے آپ سے انٹرویو کی درخواست کی، مگر اپنی منکسر مزاجی اور حیا دار فطرت کے باعث آپ معذرت فرما دیتی تھیں۔ ایک موقع پر آپ نے فرمایا کہ میں عزیزم سید طالع احمد کو انٹرویو دے دوں گی، لیکن اللّٰہ تعالیٰ نے سید طالع احمد شہید کو اسکی مہلت نہ دی۔

جولائی 2024ء میں عائشہ اکیڈمی کینیڈا کو پہلی دفعہ تین دن اور تین راتوں پر مشتمل سمر کیمپ منعقد کرنے کی توفیق ملی، الحمدللّٰہ۔ اس بابرکت موقع پرصاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ نے نہایت شفقت سے اس کیمپ میں شمولیت کی دعوت قبول فرمائی اور اپنی دعاؤں اور محبت کے ساتھ کیمپ میں شرکت فرمائی۔ آپ نے سمر کیمپ کی ایک نشست کی صدارت بھی فرمائی اور اپنے محترم والد حضرت مصلح موعودؓ کی سنہری یادیں کیمپ کے تمام شرکاء کے ساتھ شیئر کیں۔ اس کیمپ میں کینیڈا بھر سے 96 طالبات نے شرکت کی۔ الحمدللّٰہ، تمام طالبات کو صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ سے ملاقات کرنے اور دعا کی درخواست کرنے کا موقع ملا۔

اکتوبر 2025ء میں صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ لجنہ اماء اللّٰہ کینیڈا کی نیشنل عاملہ کے ہمراہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے بابرکت ملاقات کے لیے لندن تشریف لے گئیں۔ اس دورۂ برطانیہ کے دوران آپ کو سیدنا حضور انور ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ مزید تین ملاقاتوں کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ ایک ملاقات جو تقریباً نصف گھنٹہ جاری رہی،اس میں حضور انور ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ خالہ جان بظاہر صحت مند دکھائی دیتی ہیں لیکن خاموش ہو گئی ہیں۔ اس پر آپ نے عرض کیا کہ اب سماعت کمزور ہو گئی ہے۔ حضور انور ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انہیں سماعت کا آلہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور حضرت سیدہ آپا جان صاحبہ نے صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ کو اپنےگھرمیں چائے کے لیے مدعو فرمایا۔ یہ نہایت خوشگوار اور بابرکت لمحات تھے۔ اس موقع پر حضور انور ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ اور بی بی یاسمین صاحبہ کو تقریباً 30 تا 45 منٹ عنایت فرمائے۔ دورہ کے آخری روز سیدنا حضور انور ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس آپ کی رہائش گاہ پر تشریف لائے اور خداحافظ کہا جو صاحبزادی امتہ الجمیل بیگم صاحبہ کے لیے نہایت خوشگوار اور با سعادت لمحہ تھا۔

اس بابرکت سفر کے بعد کینیڈا واپسی پر آپ نے اللّٰہ تعالیٰ کے حضور گہرے شکر کا اظہار فرمایا۔ اللہ تعالیٰ آپکو جنتِ فردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہم سب کو آپکے نیک نمونہ کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔